سوال

(361) دلہا سے پانچ روپے مسجد کا حق لینا

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہمارے ہاں نکاح کے وقت ہر امیر وغریب مسلمان دلہا سے پانچ روپے مسجد کا حق لے کر نکاح پڑھایا جاتا ہے۔ اگر کوئی بوجہ مفلسی اس کے ادا کرنے میں قاصر ہے۔ تو پھر اس کا نکاح روک دیا جاتا ہے۔ اس کو ہر طرح سے مجبور کیا جاتا ہے۔ کہ وہ پانچ روپے نکاح سے قبل ادا کرے۔ کیا اس طریقے سے مسجد کا حق طلب کرنا قرآن وحدیث سے جائز ہے۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر اہل محلہ یا اہل برادری نے بالاتفاق کسی زمانے میں یہ امداد منظور کی ہوئی ہے اور یہ دستور چلا آرہا ہے۔ تو بحکم المسلمون شروطھم تعمیل کرنی چاہیے مفلس ہے تو معذرت کر کے کمی کرائے۔ (اخبار اہلحدیث امرت سر ص 5/1224 ذی الحجہ 5713ہجری)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2 ص335

محدث فتویٰ